**10.05.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............. عبدالواحد

**Music**

-------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے تلنگانہ میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا جن کی لاگت تقریباً 9ہزار 400 کروڑ روپے ہے۔ انھوں نے مغربی ایشیا تنازعے کے منفی اثرات کو کم کرنے کیلئے درآمد شدہ پیٹرلیم مصنوعات کے کفایتی استعمال پر زور دیا۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے امکانی سیلاب اور شدید گرمی سے نمٹنے کی ملک کی تیاری سے متعلق جائزہ میٹنگ کا انعقاد کیا۔

☆ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کابینہ میں توسیع کی ہے۔ انھوں نے دو کابینہ وزیروں اور چار وزرائے مملکت کو شامل کیا ہے۔

☆ بھارت اور Trinidad and Tobago نے سیاحت، حفظانِ صحت اور آیوروید شعبوں میں آٹھ معاہدوں پر دستخط کئے ہیں۔

☆ پاکستان کے خیبرپختون خواہ صوبے میں خودکش حملے میں حفاظتی عملے کے 15افراد ہلاک ہوگئے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں چنئی سپرکنگس نے لکھنؤ سپر جائنٹس کو پانچ وکٹ سے ہرایا۔ ایک اور میچ رائے پور میں رائل چیلنجرس بینگلورو اور ممبئی انڈینس کے درمیان جاری ہے۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***PM Hyderabad***

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج تلنگانہ کے شہر حیدرآباد میں بنیادی ڈھانچے اور صنعت کے کئی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا جن کی لاگت تقریباً 9ہزار 400 کروڑ روپے ہے۔

اِن پروجیکٹوں کا مجموعی مقصد ریاست کو، مینوفیکچرنگ کا ایک بڑا مرکز بنانا، کنکٹی ویٹی کو مضبوط کرنا، روزگار کے موقعے پیدا کرنا، لاجسٹکس کی استعداد میں اضافہ کرنا، حفاظت میں اضافہ کرنا اور لوگوں کو سفر میں بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے۔ وزیر اعظم مودی نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت، مرکز کی طرف سے کئے گئے اقدامات کی وجہ سے، مغربی ایشیا کی محاذ آرائی سے ابھرنے والے، توانائی کے بحران سے موثر طور پر نمٹ رہا ہے۔

انھوں نے کہا کہ ایندھن کے استعمال میں جس تحمل سے کام لیا گیا ہے، وہ وقت کی ضرورت ہے۔ انھوں نے کہا کہ درآمد کی گئی پیٹرولیم مصنوعات کو ضرورت کے مطابق استعمال کیا جانا چاہئے جس سے غیر ملکی زرِ مبادلہ کی بچت اور جاری محاذ آرائی کے منفی اثرات کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔

**S/B 2100 PM Modi on Energy**

جناب مودی نے کہا کہ آج بھارت اصلاحات کے راستے پر آگے بڑھ رہا ہے اور جدید ترین بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کر رہا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ وہ تلنگانہ میں ہر کنبے کو یقین دلانا چاہیں گے کہ مرکز، آپ کے خوابوں کو پورا کرنے کیلئے، اور زیادہ رفتار کے ساتھ کام کرے گا۔

**S/B Reforms HYB**

آج جن بڑے پروجیکٹوں کا آغاز کیا گیا اُن میں، وڑنگل میں پی ایم متر پارک بھی شامل ہے جس پر تقریباً 17سو کروڑ روپئے کی تخمینہ لاگت آئے گی۔بھارت کے تاریخی امتیاز کو ایک عالمی اقتصادی طاقت کے طور پر یاد کرتے ہوئے، جب کپڑے کی صنعتیں، یکسر تبدیلی لانے والا رول ادا کرتی تھیں، وزیر اعظم نے موجودہ اقدامات کے ذریعے اِس اہم شعبے کو نئی جلا بخشنے کے حکومت کے عزم کو دُہرایا۔

**S/B 2100 Project HYB**

## *H.M. Review Meeting*

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے ملک میں ممکنہ سیلاب اور شدید گرمی کی صورتحال سے نمٹنے کی تدابیر کے طور پر ایک جائزہ میٹنگ کی۔ نئی دلّی میں اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جناب شاہ نے مرکزی حکومت کی ایجنسیوں کی ان حالات سے نمٹنے کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اس کے علاوہ پیشگی وارننگ سسٹم، وسائل کی فراہمی اور مختلف ایجنسیوں کے درمیان آپسی تال میل کی ضرورت پر زور دیا تا کہ کسی بھی جانی یا مالی نقصان سے مؤثر طور پر نمٹا جاسکے۔

وزیر موصوف نے ملک بھر میں طویل مدتی سیلاب کا بھی جائزہ لیا، جس میں اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کا تحفظ، دریا کے انتظام کے اقدامات اور پیشگوئی میں سائنسی پیش رفت شامل ہیں۔ x

## *HM Book Release*

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ آئین اور عدلیہ نے بھارتی جمہوریت کی بنیاد کو مضبوط بنانے میں اہم رول ادا کیا ہے۔ جناب شاہ آج شام نئی دلّی میں دو کتابوں کے اجرا کے بعد اظہارِ خیال کر رہے تھے۔ یہ کتابیں سالیسٹر جنرل تشار مہتا نے تصنیف کی ہیں۔

وزیر داخلہ نے کہا کہ عام آدمی کے یقین، سماج کی کارکردگی اور ملک کے کردار کا اظہار، انصاف کے ایک مضبوط نظام سے ہوتا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت نے ایک سماج کے طور پر، اپنے اداروں میں لوگوں کا اعتماد کامیابی کے ساتھ برقرار رکھا ہے۔

وزیر داخلہ نے کہا کہ پورے ملک کے عوام کا یہ یقین ہے کہ اگر کوئی ناانصافی ہوتی ہے تو آئین موجود ہے، اگر حقوق پر کوئی حملہ ہوتا ہے تو عدلیہ کے دروازے کھلے ہیں اور اگر کسی کمزور شخص کی آواز دبائی جاتی ہے تو عدالتیں اِن آوازوں کو یقیناً سنیں گی۔

**S/B Amit Shah**

## UP Cabinet Expansion

اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے آج اپنی کابینہ میں 6مزید وزراء کو شامل کیا۔ اس کے علاوہ دو وزرائے مملکت کو ترقی دے کر انھیں بھی کابینی وزیر آزادانہ چارج کا عہدہ تفویض کیا گیا ہے۔ گورنر آنندی بین پٹیل نے جَن بھون لکھنؤ میں آج نئے وزراء کو عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ ان نئے وزراء کی شمولیت سے 403 رکنی اترپردیش اسمبلی میں وزراء کی تعداد 60ہوگئی ہے۔ x

## Nitin Gadkari Nagpur

مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ پانی کا تحفظ ایک عوامی تحریک کی کی شکل اختیار کرنا چاہیے، کیونکہ اسی کے ذریعے وِدربھ کے کسانوں میں خودکشی کے واقعات کو روکا جاسکتا ہے نیز علاقے کے گاؤں کو پانیکی مؤثر فراہمی کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔ جناب گڈکری نے وِدربھ خطے میں پانی کے تحفظ کیلئے سرگرم تنظیم Poorti Sinchan سمردھی کلیان کاری سنستھا کی جانب سے ناگپور میں سلور جبلی تقریبات کے سلسلے میں منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اِن خیالات کا اظہار کیا۔ x

## Piyush Goyhal Mumbai

تجارت وصنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے آج یومِ مادر کے موقع پر ممبئی میں 'ماؤں کی غذائیت کی Kits' تقسیم کیں۔ جناب گوئل نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خصوصی طور پر تیار کی گئی اِن Kits کو، حمل کے آخری مرحلوں میں خواتین کی غذائی ضرورتوں اور نومولود بچوں کی ضرورتوں کو ذہن میں رکھ کر تیار کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ماؤں اور بچوں کی صحت کا براہِ راست تعلق ملک کے مستقبل سے ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ صحتمند ماں ایک صحتمند بچے کی رہنمائی کرتی ہے جس سے بھارت کے مستقبل کی نمائندگی ہوتی ہے اور بدلے میں دنیا کے مستقبل کی۔ جناب گوئل نے یہ بھی کہا کہ یہ قدم، شمالی ممبئی کے مختلف علاقوں میں بھی اٹھایا جائے گا تاکہ زچگی اور بچے کی پیدائش کے دوران، نچلے – اوسط درجے کی آمدنی والے کنبوں کی خواتین کی مدد کی جائے۔x

## Maha Nashik SIT

مہاراشٹر کی ریاستی خواتین کمیشن کی سابق چیئرپرسن، روپالی چکنا کر سے خصوصی تحقیقاتی ٹیم نے ناسک میں خود ساختہ بابا اشوک کھرات سے مبینہ تعلق کے معاملے میں پوچھ تاچھ کی۔ اشوک کھرات کے ذریعے جنسی استحصال کے

الزامات اور اس کے سیاسی روابط کے تعلق سے چھان بین کیلئے یہ خصوصی تحقیقاتی ٹیم SIT تشکیل دی گئی تھی۔ IPS افسر تیجسوی Satpute کی قیادت والی SIT نے ناسک میں واقع مہاراشٹر پولیس اکیڈمی میں آج سے تحقیقات کا آغاز کیا ہے۔ x

## India Trinidad and Tobago

بھارت اور Trinidad and Tobago نے سیاحت، حفظانِ صحت، بنیادی ڈھانچے اور آیوروید سمیت مختلف شعبوں میں آٹھ معاہدوں پر دستخط کئے ہیں۔ یہ دستخط وزیر خارجہ ایس جے شنکر کے، کیریبائی ملکوں کے دو روزہ دورے کے دوران کئے گئے۔وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان مفاہمت ناموں پر یہ دستخط، Trinidad and Tobago کی وزارتِ خارجہ اور CARICOM امور کی عمارت کو شمسی توانائی سے لیس کرنے، پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں پر قابو پانے، نیلسن جزیرے کے بنیادی ڈھانچے کی تجدید کرنے کے مقصد سے کئے گئے۔ ڈاکٹر جے شنکر کا یہ دورہ کل مکمل ہوگیا۔ انھوں نے اپنے اِس دورے میں وزیر اعظم کملا پرساد Bissessar اور دیگر سینئر رہنماؤں سے بات چیت کی۔ یہ بات چیت دو طرفہ تعاون کو توسیع دینے سے متعلق میٹنگ میں پچھلے سال Trinidad and Tobago کے وزیر اعظم نریندر مودی کے دورے میں کئے گئے اعلانات پر پیشرفت کا جائزہ بھی لیا گیا۔x

## Pakistan Sucicide Attack

پاکستان کے خیبر پختونخواہ صوبے میں ایک پولیس چوکی کو نشانہ بنا کر کیے گئے خود کش حملے میں 15 سکیورٹی اہلکار ہلاک، جبکہ متعدد زخمی ہوگئے ہیں۔ پولیس کے مطابق یہ حملہ، کل اُس وقت ہوا، جب سکیورٹی اہلکاروں نے پولیس چوکی کی طرف بڑھتے ہوئے ڈھماکہ خیز مادے سے لدے ٹرک پر فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں یہ دھماکہ ہوا۔ دھماکے کے بعد کئی بندوق برداروں نے پولیس چوکی پر حملہ کیا، جس کے نتیجے میں شدید گولی باری ہوئی۔ اِس شدید بم دھماکے میں پولیس چوکی تباہ ہوگئی اور کئی سکیورٹی اہلکار ملبے میں دب گئے۔ x

## Bangladesh Chinmoy Bail

آج بنگلہ دیش کے ایک ہائیکورٹ نے، ایک وکیل کے مبینہ قتل کیس میں، سناتنی جاگرن جوت کے ترجمان Chinmoy Krishna Das برہمچاری کی ضمانت کی درخواست مسترد کردی۔ عدالت نے ضمانت کی دیگر چار درخواستوں پر اپنے احکامات محفوظ رکھے ہیں۔ اس کیس کا تعلق 2024میں چٹوگرام عدالت کے احاطے میں، پُرتشدد جھڑپوں کے دوران ایک وکیل سیف الاسلام الف کی ہلاکت سے ہے، جب Chinmoy پولیس حراست میں تھے۔ Chinmoy Krishna Das برہمچاری، اِسکون کے ایک سابق سربراہ ہیں وہ ملک کے خلاف بغاوت کے ایک کیس میں، نومبر 2024میں ڈھاکہ ہوائی اڈّے پر اپنی گرفتاری کے بعد سے، حراست میں ہیں۔ اس کیس کا تعلق چٹوگرام میں ایک ریلی کے دوران قومی پرچم کی مبینہ توہین سے ہے۔x

## *West Asia Conflicet*

ایران نے، مغربی ایشیا میں جنگ ختم کرنے کے مقصد والی امریکہ کی تازہ ترین تجویز پر اپنا جواب، باقاعدہ طور پر داخل کردیا ہے۔ ایران کی سرکاری میڈیا نے تصدیق کی ہے کہ اِس جواب میں کہا گیا ہے کہ اِس مرحلے کے مذاکرات میں، خطے میں تنازع کو ختم کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ یہ بیان ایسے وقت دیا گیا ہے جب امریکہ کے خصوصی ایلچی Steve Witkoff اور وزیر خارجہ مارکو روبیو نے، جنگ ختم کرنے پر بات چیت کیلئے قطر کے وزیر اعظم سے ملاقات کی۔x

## *Russia Ukraine Conflict*

روس نے یوکرین پر الزام لگایا ہے کہ اُس نے امریکہ کی ثالثی والی جنگ بندی کی خلاف ورزی کی ہے، جبکہ یوکرین کے افسران نے کہا ہے کہ پچھلے 24 گھنٹے میں روسی حملوں میں ایک شخص ہلاک اور کئی زخمی ہوئے ہیں۔ یوکرین کے جنوب مشرقی Zaporizhzhia کے سربراہ ایوان فیدوروف نے کہا کہ خطے میں ایک شخص ہلاک اور تین زخمی ہوئے ہیں جبکہ یوکرین کے شہر Kherson کے سربراہ Oleksandr Prokudin نے اطلاع دی ہے کہ Kherson خطے میں 7افراد زخمی ہوئے ہیں۔ یوکرین کی فضائیہ نے بتایا کہ اُس نے روس کے سبھی 27 حملوں اور ڈرونز کو تباہ کر دیا جو رات بھر میں داغے گئے تھے۔

اسی دوران روس کی وزارتِ دفاع نے الزام لگایا ہے کہ کیف نے جنگ بندی کی، ایک ہزار مرتبہ سے زیادہ خلاف ورزی کی، جس میں شہری علاقوں اور سرحدی چوکیوں پر حملے بھی شامل ہیں۔ اُس نے کہا کہ اُس کی فوجوں نے یوکرین کے مبینہ ڈرون اور توپوں سے کئے گئے حملوں کے بعد جوابی کارروائی کی ہے۔x

## *Eve Guj Somnath Parv*

سومناتھ مندر، جو گجرات کے پربھاس پاٹن میں واقع ہے، 12جیوتر لنگوں میں سب سے مقدس تصور کیا جاتا ہے۔ یہ اپنی تعمیرِ نو کے 75سال مکمل کر رہا ہے۔ اس کی مناسبت سے سومناتھ امرت Parv منایا جا رہا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی کل پربھاس پاٹن میں ہونے والی تقریبات میں شرکت کریں گے اور ایک عوامی اجتماع سے بھی خطاب کریں گے۔ x

## *Mizoram Award*

میزورم میں Kawrthah شمالی گاؤں کونسل نے، دین دیال اپادھیایہ پنچایت سنّت وکاس پرسکار 2025 کے صاف ستھری اور ماحول کیلئے سازگار پنچایت کے زمرے کے تحت، قومی سطح پر اعلیٰ ترین مقام حاصل کیا ہے۔ کونسل کو یہ مقام مسلسل دیہی ترقی اور ماحولیات کے تحفظ کیلئے اس کے کام پر دیا گیا ہے۔

یہ ایوارڈ پنچایتی راج کی وزارت نے عطا کیا ہے، جس کے تحت صفائی ستھرائی، ماحولیاتی توازن اور سماجی بہبود کے اُس کے کام کو تسلیم کیا گیا ہے۔

افسران نے بتایا کہ اِس حصولیابی سے ماحول دوست طور طریقوں کو فروغ دینے اور سماجی حصے داری کی ہمت افزائی کیلئے، گاؤں کونسل کی لگاتار کوششوں کا اندازہ ہوتا ہے۔x

## MP Cheetah

مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو، کل، دو چیتوں کو، کونو نیشنل پارک کے جنگل میں چھوڑیں گے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ستمبر 2022میں نمبیا سے لائے گئے 8 چیتوں کو ''پروجیکٹ چیتا'' کے تحت کونو نیشنل پارک میں چھوڑا تھا۔ یہ دنیا کا پہلا بین بر اعظمی Big Cat منتقلی کا پروجیکٹ تھا۔ اس کے بعد 2023میں جنوبی افریقہ سے 12 چیتے اور اُسی سال فروری میں بوتسوانا سے مزید 9 چیتے لائے گئے تھے۔x

## India Mangoes Singapore

سنگاپور میں اس ہفتے کے آخر میں ایک ثقافتی میلے کے دوران پروگرام پیش کرنے والوں کو آم کی خصوصی پیٹیاں انعام کے طور پر دی گئیں۔ بھارت نے سماجی تقریبات کے ذریعے آم کی درآمدات کو فروغ دینے کی کوششیں شروع کی ہیں۔ اِس کے تحت شمال مشرقی سنگاپور کے Nee Soon پبلک ہاؤسنگ اسٹیٹ میں منعقدہ "Threads of Indian Tradition" کے دوران مختلف ریاستوں کے آم کو گانوں، رقص اور موسیقی کے پروگراموں کیلئے انعام کے طور پر پیش کیا گیا۔ سنگاپور میں بھارتی ہائی کمیشن کی جانب سے آم کی تشہیر کیلئے اِس مہینے منعقد کی گئی یہ دوسری تقریب تھی۔ x

## Shooting

شوٹنگ میں بھارتی جوڑی Neeru Dhanda اور Vivan کپور نے Trap مکسڈ مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ اِسی کے ساتھ بھارت نے آج قزاخستان کے Almaty میں ISSF ورلڈ کپ شاٹ گن میں اپنی مہم مثبت کارکردگی کے ساتھ ختم کی ہے۔ Neeru اور Vivan کیلئے کسی اولمپک مقابلے میں یہ پہلا ISSF ورلڈ کپ پوڈیم finish تھا اور گزشتہ سال اولمپک میں شامل کیے گئے مکسڈ ٹیم Trap کے بعد اب تک کا بھارت کا دوسرا تمغہ ہے۔ x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں رائے پور میں کھیلے جارہے میچ میں ممبئی انڈینس نے رائل چیلنجرس بینگلورو کے سامنے جیت کیلئے 167رن کا نشانہ رکھا ہے۔ اس سے قبل رائل چیلنجرس بینگلورو نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ دن کے دوسرے میچ میں چنئی سپر کنگس نے لکھنؤ سپر جائنٹس کو 5وکٹ سے ہرا دیا۔ چنئی سپر کنگس نے 19اوورز اور دو گیندوں میں لکھنؤ سپر جائنٹس کے ذریعے دیئے گئے 204رن کے نشانے کو حاصل کرلیا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆